# 10-05-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک کی ترقی کے لئے ریاستوں کی ترقی نہایت ضروری ہے اور ’وکست بھارت 2047‘ کے خواب کو پورا کرنے کے لئے سب کو مل کر کام کرنا ہوگا۔

۲۔ وزیرِ اعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ مستقبل کی ضروریات کے مطابق حیدرآباد کو منصوبہ بند انداز میں ترقی دینے کے لئے پُرعزم ہے۔

۳۔ ریاستی وزیر ٹی ناگیشور راؤ نے حکام کو ہدایت دی ہے کہ کسانوں کو فصلوں کی تبدیلی کی جانب راغب کریں اور اس کے مطابق ایک منصوبہ کو قطعیت دینے پر زور دی۔

۴۔ ریاستی وزیر پنگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا کہ ہجوم والے رجسٹریشن کے دفاتر میں کام کے اوقات میں اضافہ کیا جارہا ہے۔

## Intermediate Education

حکومت نے اعلان کیا ہے کہ اس سال انٹرمیڈیٹ داخلوں کا عمل معمول کے مطابق جاری رکھا جائے گا۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے اسکولی تعلیم میں انٹرمیڈیٹ کو ضم کرنے کے معاملہ پر اعلیٰ حکام کے ساتھ جائزہ اجلاس منعقد کیا۔ اس موقع پر انہوں نے ہدایت دی کہ اس سال انٹر داخلہ فوری طور پر شروع کیے جائیں۔ حکام کے مطابق داخلوں کے لئے وقت کم ہونے اور انٹرمیڈیٹ کو اسکولی نظام میں ضم کرنے کے عمل میں تکنیکی مسائل درپیش ہونے کے سبب طلبہ کے مفادات کو متاثر ہونے سے بچانے کے لئے فوری اقدامات ضروری ہیں۔ تلنگانہ ایجوکیشن کمیشن نے حکومت کو سفارش کی ہے کہ انٹرمیڈیٹ نظام ختم کر کے سی بی ایس ای کی طرز پر گیارہویں اور بارہویں جماعتیں متعارف کرائی جائیں جس سے ڈراپ آؤٹ طلبہ کی تعداد میں نمایاں کمی آسکتی ہے۔

Desk

Revanth’s Review

وزیرِ اعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ حکومت آؤٹر رنگ روڈ کے اطراف کور اربن ریجن میں درپیش مسائل کے حل اور مستقبل کی ضروریات کے مطابق حیدرآباد کو منصوبہ بند انداز میں ترقی دینے کے لئے پُرعزم ہے۔سکریٹریٹ میں پارلیمانی اسٹینڈنگ کمیٹی برائے ہاؤسنگ وار بن افیرس کا اجلاس منعقد ہوا جس میں کمیٹی کے چیرمین ماگونٹا سرینواسلو ریڈی، رکن پارلیمان چاملا کرن کمار ریڈی اور دیگر عوامی نمائندے شریک ہوئے۔وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت حیدرآباد کو ٹریفک سے پاک شہر بنانے کے لئے اہم مقامات پر انڈر پاس، فلائی اوور اور ایلیویٹیڈ کاریڈور تعمیر کررہی ہے۔اس کے علاوہ ملٹی لیول پارکنگ کی سہولتیں بھی فراہم کی جارہی ہیں۔

Desk

Ponguleti

ریاست میں اراضی کی قیمتوں پر نظر ثانی کے پیش نظر رجسٹریشن کے معاملات میں اضافہ کا امکان ظاہر کیا جارہا ہے۔اس سلسلہ میں وزیرِ ریونیو پونگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا ہے کہ زیادہ بھیڑ والے 15 سب رجسٹرار دفاتر میں 12 مئی سے روزانہ مزید دو گھنٹے خدمات فراہم کی جائیں گی۔انہوں نے اسٹامپس ورجسٹریشن محکمہ کے انسپکٹر جنرل راجیو گاندھی ہنمنتو کو ضروری انتظامات کرنے کی ہدایت دی۔

Desk

Seethakka

وزیر سیتا اکا نے خواتین تنظیموں کے تحت چلنے والے آئی کے پی مراکز میں دھان کی خریداری کا عمل تیز کرنے کی ہدایت دی ہے۔جائزہ اجلاس کے دوران حکام نے بتایا کہ ریاست بھر میں 3 ہزار 563 خریداری مراکز قائم کئے گئے ہیں اور اب تک 11 لاکھ ٹن دھان ان مراکز تک پہنچ چکا ہے۔

وزیر نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ کسانوں کو زیادہ دیر انتظار نہ کرنا پڑے اور خریداری کا عمل تیزی سے مکمل کیا جائے۔

Desk

Awards

مرکزی وزارت پنچایت راج کی جانب سے اعلان کردہ قومی بہترین پنچایت ایوارڈز میں تلنگانہ کی دو پنچایتوں کو اعزاز حاصل ہوا ہے۔'دین دیال اُپادھیائے پنچایت ستت وکاس پرسکار 2025'' کے تحت وقارآباد ضلع کے کوٹے پلی منڈل موتکو پلی گرام پنچایت نے بہتر طرزِ حکمرانی کے زمرہ میں تیسرا مقام حاصل کرتے ہوئے 50 لاکھ روپے انعام حاصل کیا۔اسی طرح سنگاریڈی ضلع کی فصل واڑی پنچایت نے خواتین دوست زمرہ میں تیسری پوزیشن حاصل کرتے ہوئے 25 لاکھ روپے انعام اپنے نام کیا۔

Desk

Thummala Nageswara Rao

وزیر زراعت تملا ناگیشور راؤ نے حکام کو ہدایت دی ہے کہ کسانوں کو فصلوں کی تبدیلی کی جانب راغب کیا جائے اور آئندہ تین برسوں میں 13 لاکھ ایکڑ اراضی کو باغبانی، دالوں، موٹے اناج اور تیل کی فصلوں کی کاشت کے لئے مختص کرنے کا منصوبہ تیار کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ مارکیٹ میں طلب رکھنے والی فصلوں کی کاشت سے کسانوں کو بہتر قیمت حاصل ہوگی اور ملکی ضروریات بھی پوری کی جاسکیں گی۔سکریٹریٹ میں کل فصلوں کی تبدیلی پر قطعیت دئے گئے ایک رپورٹ کو رعیّتو کمیشن کے چیرمین کودنڈا ریڈی نے ریاستی وزیر کو پیش کی۔اس موقع پر ریاستی وزیر نے کہا کہ ریاست میں فصلوں کی تبدیلی کیلئے یہی موزوں وقت ہے۔

Desk

Inter - Supplementary Exams

انٹرمیڈیٹ بورڈ کے سکریٹری ابھلاش ابھینو نے اعلان کیا ہے کہ ریاست بھر میں انٹرمیڈیٹ ایڈوانسڈ سپلیمنٹری امتحانات 13 سے 21 مئی تک منعقد ہوں گے۔ پہلے سال کے امتحانات صبح 9 بجے سے دوپہر 12 بجے تک جبکہ دوسرے سال کے امتحانات دوپہر 2:30 بجے سے شام 5:30 بجے تک ہوں گے۔ پریکٹیکل امتحانات 22 اور 25 مئی کو منعقد کئے جائیں گے۔

Desk

Issuance of Licenses

ورنگل کے اینوما مولا زرعی مارکیٹ میں کمیشن ایجنٹ نے مطالبہ کیا ہے کہ تاجروں کو لائسنس جاری کرنے کے عمل کو مزید سخت بنایا جائے اور بینک گیارنٹی میں اضافہ کیا جائے۔ کمیشن ایجنٹ کا کہنا ہے کہ بعض تاجر مارکیٹ کمیٹی کے قوانین میں موجود خامیوں کا فائدہ اٹھا کر دھوکہ دہی کر رہے ہیں۔ حال ہی میں ایک مرچ تاجر 2 کروڑ 60 لاکھ روپے لے کر فرار ہوگیا جس کے خلاف اینوما مولا پولیس اسٹیشن میں شکایت درج کرائی گئی ہے۔

PTC, Warangal

Narendra Modi

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک کی ترقی کے لئے ریاستوں کی ترقی نہایت ضروری ہے اور ’وکست بھارت 2047‘‘ کے خواب کو پورا کرنے کے لئے سب کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ آج حیدرآباد کے ایچ آئی سی سی میں منعقدہ پروگرام سے انہوں نے تقریباً 9 ہزار 400 کروڑ روپے مالیت کے مختلف ترقیاتی منصوبوں کا ورچول افتتاح کیا، سنگ بنیاد اور قوم کے نام وقف کیا۔ اس موقع پر وزیراعظم نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ 12 برسوں میں مرکزی حکومت نے جدید کنکٹی ویٹی

پر خصوصی توجہ دی ہے۔انہوں نے کہا کہ سڑکوں، ریلوے اور ہوائی رابطوں میں توسیع کے ذریعہ ملک کی ترقی میں نمایاں کردار ادا کیا گیا ہے۔نریندر مودی نے بتایا کہ 2014 میں متحدہ آندھرا پردیش میں ریلوے ترقی کے لئے صرف ایک ہزار کروڑ روپے مختص کئے گئے تھے جبکہ اب صرف تلنگانہ کے لئے ہی 5 ہزار 500 کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں۔اس کے علاوہ تقریباً 5 ہزار کروڑ روپے مالیت کے ریلوے منصوبے مختلف مراحل میں ہیں۔

Soun Byte – Prime Minister

وزیر اعظم نے ورنگل پی ایم متر پارک کا افتتاح کرتے ہوئے کہا کہ یہ پارک ملک میں ٹیکسٹائل صنعت کی ترقی میں اہم کردار ادا کرے گا۔انہوں نے کہا کہ شمسی توانائی کے شعبہ میں ہندوستان کو عالمی سطح پر نمایاں مقام دلانے کے لئے کئی اصلاحات کی گئی ہیں۔ایل پی جی، گیس اور سی این جی پر مبنی نظاموں کے لئے بیرونی ممالک پر انحصار کم کرنے کی منصوبہ بندی بھی کی جا رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم ایس ایم ای، اسٹارٹ اپس اور روزگار کے مواقع وکست بھارت کے ہدف کو حاصل کرنے میں مددگار ثابت ہوں گے۔وزیرِ اعظم نے یقین ظاہر کیا کہ تلنگانہ کی ترقی سے ملک کی ترقی کو مزید رفتار ملے گی۔انہوں نے یہ بھی اعلان کیا کہ آنے والے دس برسوں میں گجرات کی طرح تلنگانہ کو بھی بھرپور فنڈس فراہم کئے جائیں گے۔

Sound Byte – Prime Minister:
Allocations equal to Gujarat over the next ten years.

وزیرِ اعظم نے ظہیر آباد میں انٹی گریٹڈ انڈسٹریل اسمارٹ سٹی، گڈے بالور سے محبوب نگر تک قومی شاہراہ کی توسیع، ورنگل میں پی ایم مترا، کاکتیہ میگا ٹیکسٹائل پارک، حیدرآباد کے قریب ملکاپور میں گرین فیلڈ پی او ایل، قاضی پیٹ۔وجئے واڑہ ملٹی ٹریکنگ ریلوے پروجیکٹ اور 21 کلومیٹر طویل قاضی پیٹ ریل اینڈ ریل بائی پاس لائن سمیت کئی منصوبوں کا افتتاح اور سنگِ بنیاد رکھا۔

اس تقریب میں گورنر شیو پرتاپ شکلا، وزیراعلیٰ ریونت ریڈی، مرکزی وزراء کشن ریڈی، بنڈی سنجے کمار سمیت ریاستی وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے شرکت کی۔

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے اپنے خطاب میں کہا کہ وکست بھارت 2047 کے ہدف کے تحت تلنگانہ تین ٹریلین ڈالر کی معیشت میں اہم شراکت دار بننے کے لئے کام کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کی کوشش ہوگی کہ قومی جی ڈی پی میں تلنگانہ کا حصہ 10 فیصد تک پہنچے۔ ریونت ریڈی نے مرکز سے مطالبہ کیا کہ ریاستوں میں زیرِ التوا منصوبوں کے حل کے لیے وزیرِاعظم کے دفتر میں سنگل ونڈو نظام قائم کرتے ہوئے ریاستوں کی ترقی کیلئے مدد فراہم کرنے کا مطالبہ کیا۔

Sound Byte – Revanth Reddy (Single Window at the PMO)

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا کہ تلنگانہ میں ہزاروں کروڑ روپے کے ترقیاتی منصوبوں کا آغاز خوش آئند ہے۔ انہوں نے کہا کہ قومی شاہراہوں کی توسیع اور ریاست میں 42 ریلوے اسٹیشنوں کی ترقی قابلِ ستائش ہے۔ کشن ریڈی نے کہا کہ گزشتہ دس برسوں میں وزیرِاعظم مودی کے تعاون سے ریاست میں نمایاں ترقی ہوئی ہے اور تمام سیاسی جماعتوں کو تلنگانہ کی ترقی کے لئے متحد ہو کر کام کرنا چاہئے۔

Sound Byte – Kishan Reddy

(Development in the state since Modi's arrival)

OO